فوری ریلیز کے لیے: 2023/17/3 KATHY HOCHUL گورنر

گورنر HOCHUL نے نیویارک کے باشندوں کو COVID-19 کے خلاف جنگ میں ریاستی پیش رفت کے بارے میں اپ ڈیٹ کیا ہے

گورنر نے نیویارک کے باشندوں کو COVID-19 کے خلاف بچاؤ اور اس کے علاج کے ذرائع کا استعمال جاری رکھنے کے لیے ترغیب دی ہے: ویکسینز، بوسٹرز، ٹیسٹنگ اور علاج

16 مارچ کو ریاست بھر میں 11 اموات کی اطلاع

COVID-19/ویکسین اپ ڈیٹ کے خبر نامے مئی میں فیڈرل پبلک ہیلتھ ایمرجنسی کی میعاد ختم ہونے سے پہلے ہفتہ وار جاری کیے جائیں گے؛ تازہ ترین ڈیٹا آن لائن 7/24 دستیاب رہے گا

گورنر Kathy Hochul نے آج نیو یارک کے باشندوں کو COVID-19 کے خلاف جنگ میں ریاستی پیش رفت کے بارے میں تازہ ترین صورتحال سے آگاہ کیا اور ان بنیادی اقدامات کی نشاندہی کی جو وہ وائرل ہونے والے سانس کے انفیکشنز سے بچنے کے لیے اٹھا سکتے ہیں۔

"نیو یارک کے ہر شہری پر لازم ہے کہ وہ خود کو، اپنے عزیزوں کو اور اپنی کمیونٹیز کو محفوظ اور صحت مند رکھنے کے لیے مستعد رہے اور تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لانا جاری رکھے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ویکسین کی خوراکوں کے بارے میں باخبر رہیں، اور اجتماعات میں شامل ہونے یا سفر کرنے سے پہلے ٹیسٹ کروانا یقینی بنائیں۔ اگر آپ کا ٹیسٹ مثبت آتا ہے، تو اپنے ڈاکٹر سے ممکنہ علاج کے اختیارات کے بارے میں بات کریں۔"

آج یعنی 17 مارچ سے، اور وفاقی حکومت کے اس تجویز سے قبل کہ COVID-19 پبلک ہیلتھ ایمرجنسی 11 مئی سے ختم کر دی جائے، ریاست نیویارک کی COVID-19/ویکسین کے خبرنامے آئندہ نوٹس تک ہفتہ وار ہر جمعے کو جاری کیے جائیں گے۔ COVID-19 اور ویکسین کا تازہ ترین ڈیٹا ریاست نیویارک کے محکمہ صحت کے آن لائن ٹریکر پر 7/24 دستیاب رہے گا۔

مزید برآں، ریاستی محکمہ صحت COVID ڈیٹا جمع کرنے اور رپورٹنگ میں تبدیلیوں کا جائزہ لے رہا ہے جس کام میں انکے ساتھ مقامی شعبہ صحت اور صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے ادارے شامل ہیں، تاکہ فراہم کنندگان پر بوجھ کو کم کیا جائے اور بیماری کی صورتحال پر نظر رکھنے اور صحت کی دیکھ بھال والے نظام کی صلاحیتیں برقرار رکھنے کے لئے ڈیٹا کے دیگر ذرائع سے بھی فائدہ اٹھایا جا سکے۔ ایجنسی COVID-19 کے خطرے سے نمٹنے کے لئے ہمہ وقت تیار اور پرعزم ہے، اور نیویارک کے شہریوں کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ COVID-19 سے بچاؤ اور علاج کے لئے مندرجہ ذیل ٹولز اور اقدامات کا استعمال کریں: ویکسینیں، بوسٹرز، ٹیسٹنگ اور علاج۔

گورنر Hochul نیویارک باسیوں کو مسلسل اپنی حفاظت کرنے اور پرہیز کے عمومی اقدامات کرنے کی ترغیب دے رہی ہیں — مثلاً ویکسین کے متعلق تازہ ترین معلومات سے آگاہ رہنا اور حفظان صحت کے اصولوں پر عمل کرنا — تاکہ وہ فلو اور COVID-19 سے بچ سکیں۔ گورنر Hochul نیویارک کے باشندوں کو اپنے بائی ویلنٹ COVID-

19 ویکسین بوسٹرز لگوانے کی بھی مسلسل تاکید کر رہی ہیں، جن سے وائرس کے اصل سٹرین سے بھی محفوظ رہ سکیں گے اور اس کی گردش کرتے ہوئی دیگر اقسام سے بھی۔

بوسٹر کے لیے اپائنٹمنٹ طے کرنے کے لیے، نیویارک کے باشندے اپنی مقامی فارمیسی، کاؤنٹی محکمۂ صحت یا نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے رابطہ کریں؛ vaccines.gov ملاحظہ کریں؛ اپنا ZIP کوڈ 438829 پر ٹیکسٹ کریں یا قریبی مقامات تلاش کرنے کے لیے 1-800-232-0233 پر کال کریں۔

ریاست نیویارک کے محکمہ صحت نے حال ہی میں 12 ہفتوں کی COVID-19 مہم کا ٹیلی وژن، سوشل میڈیا اور اسٹریمنگ سروسز پر آغاز کیا ہے تاکہ نیویارک کے وہ باسی جو مستقل طبی علامات اور عوارض کا شکار ہیں وہ تجویز کردہ بائی ویلنٹ بوسٹر لگوانے کی اہمیت کو سمجھیں اور شدید بیمار ہونے یا ہلاک ہونے سے بچنے کے لیے اس بوسٹر کے متعلق کی تازہ ترین معلومات سے باخبر رہیں۔ ان علامات میں بشمول 65 سال یا اس سے زائد عمر والے، حاملہ، موٹاپے کے شکار افراد، ذیابیطس، یا دل یا پھیپھڑوں کی بیماری میں مبتلا افراد، یا کمزور مدافعتی نظام میں مبتلا افراد شامل ہیں۔

علاوہ ازیں، محکمۂ صحت نے 11 مارچ کو اختتام پذیر ہونے والے ہفتے کی فلو کی نگرانی کی ہفتہ وار رپورٹ جاری کی ہے جو بتا رہی ہے کہ جغرافیائی طور پر پوری ریاست میں لگاتار بائیس ہفتوں سے انفلوئنزا بہت زیادہ پھیلا ہوا ہے، جس میں اس سیزن کے دوران آج تک مجموعی طور پر 321,116 مثبت کیسز رپورٹ کیے گئے ہیں۔
رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ریاست بھر میں تصدیق شدہ کیسز کی تعداد ایک ہفتے کے دوران 1 فیصد کم ہو کر 1,866 رہ گئی، جبکہ پوری ریاست میں ہسپتالوں میں داخل ہونے والے افراد کی تعداد گزشتہ ہفتے کے مقابلے میں 16 فیصد کم ہو گئی، یعنی پوری ریاست میں داخل کردہ مریضوں کی تعداد 151 رہی۔

رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ انتہائی نگہداشت اور طویل مدتی نگہداشتی سہولت گاہوں میں پھیلاؤ کے تین کیسز سامنے آئے ہیں۔ اس ہفتے کے دوران انفلوئنزا کی وجہ سے کسی بچے کی ہلاکت کی اطلاع نہیں ملی، جو پوری ریاست میں مجموعی طور پر 11 رہی۔

محکمۂ صحت اپنی سالانہ عوامی آگاہی مہم جاری رکھے ہوئے ہے، جو بالغ افراد اور والدین کو یہ یاددہانی کرواتی ہے کہ وہ خود اور 6 ماہ اور اس سے زائد عمر کے بچوں کو فلُو اور COVID-19 دونوں کے ٹیکے لگوائیں۔ فلُو ویکسین کلینکس کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، مقامی محکمۂ صحت سے رابطہ کریں یا ملاحظہ کریں vaccines.gov/find-vaccines۔

آج کے ڈیٹا کا مختصر خلاصہ ذیل میں ملاحظہ فرمائیں:

- **کیسز فی k100** - 6.03
- **7-دن کے اوسط کیسز فی k100** - 5.36
- **اطلاع کردہ ٹیسٹ کے نتائج** - 37,599
- **کُل مثبت** - 1,179
- **فی صد مثبت** - 2.92%**
- **7 دن کی اوسط مثبت فیصد** - 2.54**
- **ہسپتال میں داخل کیے گئے مریض** - 1,340 (-10)
- **نئے داخل شدہ مریض** - 203
- **ICU میں داخل مریض** - 146 (-12)
- **ICU میں داخل شدہ مریض جن کو ٹیوب ڈالی گئی ہے** - 52 (-3)
- **چُھٹی دیئے گئے کُل مریض** - 407,272 (+219)
- **HERDS کے ذریعے نگہداشتِ صحت کے مراکز کی جانب سے اطلاع کردہ نئی اموات** - 11
- **صحت مراکز کی جانب سے HERDS کے ذریعے رپورٹ کردہ مجموعی اموات** - 62,078

** وفاقی محکمہ برائے صحت اور انسانی خدمات کی جانب سے ٹیسٹ کی رپورٹنگ کی پالیسی میں تبدیلی اور متعدد دیگر عوامل کی وجہ سے، کسی کمیونٹی پر وائرس کے اثر کو ماپنے کا سب سے قابلِ اعتبار پیمانہ کیس فی 100,000 ڈیٹا ہے -- نہ کہ مثبت ہونے کی فی صد شرح۔

ہیلتھ الیکٹرانک رسپانس ڈیٹا سسٹم ریاست کے محکمہ صحت کی جانب سے اعداد و شمار کا ایک ماخذ ہے جو صرف ہسپتالوں، نرسنگ ہومز اور بالغ افرد کی دیکھ بھال کرنے والی سہولیات کے رپورٹ کردہ روزانہ اموات کے مصدقہ اعداد و شمار جمع کرتا ہے۔

- **CDC کو اطلاع کردہ اور اس کی جانب سے مرتب کردہ کُل اموات - 78,962**

ریاستی محکمہ صحت اور نیویارک سٹی کی جانب سے CDC کو فراہم کردہ COVID-19 کے روزانہ کے عارضی ڈیتھ سرٹیفکیٹ کے اعداد و شمار میں وہ افراد شامل ہیں جن کا انتقال ہسپتالوں، نرسنگ ہومز، بالغوں کی دیکھ بھال کرنے والی سہولیات سمیت کسی بھی جگہ، گھروں میں، ہسپتالوں میں، اور دیگر مقامات پر ہوا۔

- **ویکسین کی لگائی گئی کُل ڈوز - 43,880,106**
- **گزشتہ 24 گھنٹوں میں لگائی گئی ویکسین کی کُل خوراکیں - 1,689**
- **گزشتہ 7 دنوں میں لگائی گئی ویکسین کی کُل خوراکیں - 18,283**
- **نیو یارک کے 18 سال اور اس سے زائد عمر والے باشندوں کی شرح فیصد جنہیں ویکسین کی مکمل سیریز لگ چکی ہے - 85.5%**
- **نیو یارک کے 18 سال اور اس سے زائد عمر شہریوں کی شرح فیصد جنہیں ویکسین کی مکمل سیریز لگ چکی ہے (CDC) - 90.7%**
- **نیو یارک کے 18 سال اور اس سے زائد عمر کے باشندوں کی شرح فیصد جو اپ ٹو ڈیٹ ہیں - 16.2%**
- **نیو یارک کے 12-17 سالہ باشندوں کی شرح فیصد جنہیں ویکسین کی مکمل سیریز لگ چکی ہے - 74.6%**
- **نیویارک کے ان شہریوں کی فیصد جن کی عمر 12 تا 17 سال ہے اور جن کی ویکسین سیریز (CDC) مکمل ہو چکی ہے - 76.4%**
- **نیو یارک کے 12-17 سالہ باشندوں کی شرح فیصد جو اپ ٹو ڈیٹ ہیں - 6.5%**
- **نیویارک کے 5-11 سالہ باشندوں کی شرح فیصد جنہیں ویکسین کی مکمل سیریز لگ چکی ہے - 40.1%**
- **نیویارک کے 5 تا 11 سالہ باشندوں کی شرح فیصد جنہیں ویکسین کی مکمل سیریز لگ چکی ہے (CDC) - 41.0%**
- **نیویارک کے 5-11 سالہ باشندوں کی شرح فیصد جو اپ ٹو ڈیٹ ہیں - 3.9%**
- **نیویارک کے 0-4 سالہ باشندوں کی شرح فیصد جنہیں ویکسین کی مکمل سیریز لگ چکی ہے - 7.9%**
- **نیو یارک کے 0-4 سالہ باشندوں کی شرح فیصد جو اپ ٹو ڈیٹ ہیں - 7.9%**
- **نیویارک کے ان تمام باشندوں کی شرح فیصد جن کی ویکسین سیریز مکمل ہو چکی ہے - 76.5%**
- **نیویارک کے ان تمام شہریوں کی فیصد جن کی ویکسین سیریز مکمل ہو چکی ہے - 80.9%**
- **نیویارک کے تمام باشندوں کی شرح فیصد جو اپ ٹو ڈیٹ ہیں - 14.1%**

ہر علاقے کی 7-دن کی اوسط برائے کیس فی K100 آبادی حسبِ ذیل ہے:

علاقہ	منگل، 14 مارچ 2023	بدھ، 15 مارچ 2023	جمعرات، 16 مارچ 2023
Capital Region	6.10	5.58	5.21
Central New York	7.70	8.16	8.12
Finger Lakes	9.24	8.89	8.74

4.74	5.03	5.32	Long Island
5.20	5.03	4.77	Mid-Hudson
5.00	4.92	5.42	Mohawk Valley
3.99	3.96	3.97	New York City
8.59	8.83	9.10	North Country
9.57	9.97	10.02	Southern Tier
8.04	8.33	8.65	Western New York
5.36	**5.44**	**5.52**	**ریاست گیر**

ہر علاقے میں 7-دن کے مثبت ٹیسٹ کے نتائج کی اوسط شرح جو گزشتہ تین دنوں میں رپورٹ کی گئی وہ حسبِ ذیل ہے**:

جمعرات، 16 مارچ 2023	بدھ، 15 مارچ 2023	منگل، 14 مارچ 2023	علاقہ
5.01%	5.31%	4.98%	Capital Region
4.88%	4.86%	4.50%	Central New York
5.43%	5.50%	5.63%	Finger Lakes
2.63%	2.66%	2.64%	Long Island
1.57%	1.50%	1.44%	Mid-Hudson
3.65%	3.66%	4.02%	Mohawk Valley
1.62%	1.50%	1.45%	New York City
5.39%	5.58%	5.55%	North Country
5.24%	5.38%	5.28%	Southern Tier
9.07%	9.27%	9.49%	Western New York
2.54%	**2.48%**	**2.47%**	**ریاست گیر**

** وفاقی محکمہ برائے صحت اور انسانی خدمات کی جانب سے ٹیسٹ کی رپورٹنگ کی پالیسی میں تبدیلی اور متعدد دیگر عوامل کی وجہ سے، کسی کمیونٹی پر وائرس کے اثر کو ماپنے کا سب سے قابلِ اعتبار پیمانہ کیس فی 100,000 ڈیٹا ہے -- نہ کہ مثبت ہونے کی فی صد شرح۔

نیویارک سٹی کی ہر بورو کے 7-دن کے مثبت ٹیسٹ کے نتائج کی اوسط شرح جو گزشتہ تین دنوں میں رپورٹ کی گئی وہ حسبِ ذیل ہے**:

جمعرات، 16 مارچ 2023	بدھ، 15 مارچ 2023	منگل، 14 مارچ 2023	NYC میں بورو
1.52%	1.58%	1.65%	Bronx
1.39%	1.12%	0.92%	Kings
2.16%	2.13%	2.16%	New York
1.83%	1.90%	2.00%	Queens
1.57%	1.56%	1.58%	Richmond

** وفاقی محکمہ برائے صحت اور انسانی خدمات کی جانب سے ٹیسٹ کی رپورٹنگ کی پالیسی میں تبدیلی اور متعدد دیگر عوامل کی وجہ سے، کسی کمیونٹی پر وائرس کے اثر کو ماپنے کا سب سے قابلِ اعتبار پیمانہ کیس فی 100,000 ڈیٹا ہے -- نہ کہ مثبت ہونے کی فی صد شرح۔

گزشتہ روز، ریاست نیویارک میں COVID-19 کے لئے نیویارک کے 1,179 باشندوں کا ٹیسٹ مثبت آیا، جس کی وجہ سے مجموعی تعداد 6,641,702 تک پہنچ گئی۔ ایک جغرافیائی تقسیم حسبِ ذیل ہے:

کاؤنٹی	کُل مثبت	نئے مثبت
Albany	79,539	17
Allegany	10,934	4
Broome	59,523	23
Cattaraugus	19,456	3
Cayuga	20,695	6
Chautauqua	29,839	9
Chemung	26,885	8
Chenango	11,944	1
Clinton	23,005	8
Columbia	14,067	2
Cortland	13,616	7
Delaware	10,257	1
Dutchess	85,583	19
Erie	271,943	83
Essex	7,862	4
Franklin	12,301	6
Fulton	16,787	5
Genesee	16,782	5
Greene	11,138	1
Hamilton	1,106	-
Herkimer	17,645	3
Jefferson	27,541	10
Lewis	7,423	4
Livingston	14,563	6
Madison	17,016	5
Monroe	194,250	68
Montgomery	15,194	4
Nassau	551,434	65
Niagara	60,181	18
NYC	3,093,096	403
Oneida	69,735	22
Onondaga	144,020	42
Ontario	26,534	12
Orange	140,856	25
Orleans	10,682	2

Oswego	35,035	5
Otsego	13,444	-
Putnam	31,823	7
Rensselaer	42,215	13
Rockland	119,399	58
Saratoga	62,117	15
Schenectady	44,130	7
Schoharie	6,652	2
Schuyler	4,369	-
Seneca	7,789	7
St. Lawrence	26,653	9
Steuben	25,630	10
Suffolk	570,402	56
Sullivan	24,878	4
Tioga	14,225	2
Tompkins	26,935	2
Ulster	43,638	6
Warren	19,134	9
Washington	16,059	3
Wayne	22,181	11
Westchester	337,035	45
Wyoming	10,048	6
Yates	4,479	1

ذیل میں دیا گیا ڈیٹا ظاہر کرتا ہے کہ ہسپتال میں داخل افراد جن کا COVID-19 کا ٹیسٹ مثبت آیا ان میں سے کتنے ایسے ہیں جن کو COVID-19/COVID-19 کی پیچیدگیوں کے لیے داخل کیا گیا تھا اور کتنے افراد ایسے ہیں جن کو COVID-19 سے غیر متعلقہ کیفیات کی وجہ سے داخل کیا گیا تھا:

علاقہ	**COVID-19 کے وہ مریض جو حالیہ طور پر ہسپتال میں داخل ہیں**	**COVID کے سبب یا COVID کی پیچیدگیوں کی وجہ سے داخل ہوئے ہیں**	**COVID کی وجہ سے یا COVID کی پیچیدگیوں کی وجہ سے داخلے کی %**	**داخل ہوئے جبکہ داخلے کی وجوہات میں COVID شامل نہیں**	**ان افراد کی % جو داخل ہوئے جبکہ داخلے کی وجوہات میں COVID شامل نہیں**
Capital Region	99	61	61.6%	38	38.4%
Central New York	80	47	58.8%	33	41.3%
Finger Lakes	241	68	28.2%	173	71.8%
Long Island	170	69	40.6%	101	59.4%

Mid-Hudson	129	48	37.2%	81	62.8%
Mohawk Valley	24	10	41.7%	14	58.3%
New York City	373	147	39.4%	226	60.6%
North Country	38	15	39.5%	23	60.5%
Southern Tier	59	15	25.4%	44	74.6%
Western New York	127	60	47.2%	67	52.8%
ریاست گیر	**1,340**	**540**	**40.3%**	**800**	**59.7%**

گزشتہ روز COVID-19 کی وجہ سے مجموعی طور پر 11 نئی اموات رپورٹ کی گئیں، جس سے کُل تعداد 62,078 ہو گئی۔ رہائش کی کاؤنٹی کے اعتبار سے، ایک جغرافیائی تقسیم کاری حسبِ ذیل ہے:

کاؤنٹی	**نئی اموات**
Albany	1
Broome	1
Erie	3
Monroe	1
Nassau	1
New York	1
Queens	1
Rockland	1
Suffolk	1
کُل میزان	**11**

نیو یارک کے باشندے جو 5 تا 11 سالہ بچوں کے لئے ویکسین کی اپائنٹمنٹس شیڈول کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں انہیں ترغیب دی جاتی ہے کہ اپنے بچوں کے ماہرِ اطفال، خاندانی فزیشن، کاؤنٹی کے صحت کے محکموں، وفاق کی جانب سے سندیافتہ صحت کے مراکز (Federally Qualified Health Centers)، دیہی مراکزِ صحت، یا فارمیسیز سے رابطہ کریں جو اس عمر کے گروپ کے لئے ویکسین لگا رہے ہوں۔ والدین اور سرپرست vaccines.gov ملاحظہ کر کے، اپنا ZIP کوڈ 438829 پر ٹیکسٹ کر کے، یا 1-800-232-0233 پر کال کر کے قریبی مقامات کے بارے میں معلوم کر سکتے ہیں۔ یہ اطمینان کر لیں کہ فراہم کنندہ Pfizer-BioNTechCOVID-19 ویکسین فراہم کرے، کیونکہ ابھی تک اس عمر کے گروپ کے لیے دیگر COVID-19 ویکسینز کی اجازت نہیں ہے۔

نئی معلومات، عمومی سوالات اور ان کے جوابات؛ اور عمر کے اس گروپ کے والدین اور سرپرستوں کے لیے خصوصی طور پر تیار کیے گئے وسائل کے لیے ریاست کے محکمہ صحت کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

نیویارک کے جن افراد نے ویکسین اور بوسٹر خوراک لگوا لی ہے ان کا علاقے کے حساب سے ایک جغرافیائی تجزیہ حسبِ ذیل ہے:

فراہم کنندہ کے مقام کے لحاظ سے علاقائی ویکسینیشن کا ڈیٹا		
	افراد جو اپ ٹو ڈیٹ ہیں	
علاقہ	مجموعی کُل	مجموعی کُل
Capital Region	910,968	227,905
Central New York	616,999	148,812
Finger Lakes	830,570	240,056
Long Island	2,025,314	376,411
Mid-Hudson	1,575,796	338,843
Mohawk Valley	312,041	69,620
New York City	7,480,353	1,004,074
North Country	285,589	63,167
Southern Tier	420,304	106,928
Western New York	914,451	230,030
پوری ریاست	15,372,385	2,805,846

بوسٹر/اضافی شاٹس		
علاقہ	مجموعی کُل	گزشتہ 7 دنوں کے دوران ہونے والا اضافہ
Capital Region	824,554	840
Central New York	548,245	437
Finger Lakes	869,811	1,015
Long Island	1,860,759	1,720
Mid-Hudson	1,519,275	1,349
Mohawk Valley	280,442	245
New York City	4,848,319	4,527
North Country	253,752	239
Southern Tier	391,251	459
Western New York	893,916	928
پوری ریاست	12,290,324	11,759

COVID-19 ویکسین ٹریکر ڈیش بورڈ نیویارک کے شہریوں کو COVID-19 ویکسین کی تقسیم کے بارے میں تازہ ترین معلومات فراہم کرنے کے لیے دستیاب ہے۔ ریاستِ نیویارک کا محکمۂ صحت ویکسین لگانے والے سہولیات پر لازم کرتا ہے کہ وہ COVID-19 ویکسین لگانے کے تمام اعداد و شمار کی اطلاع 24 گھنٹوں کے اندر اندر دے دیں؛ ڈیش بورڈ پر ویکسین لگانے کے اعداد و شمار کو روزانہ اپ ڈیٹ کیا جاتا ہے تاکہ ریاست کی ویکسینیشن کی کوششوں میں تازہ ترین صورتحال کی عکاسی کی جا سکے۔ NYSIIS اور CIR کی جانب سے ریاست نیویارک کے محکمۂ صحت کو اطلاع کردہ اعداد و شمار وفاقی طور پر اطلاع کردہ اعداد و شمار سے تھوڑے سے مختلف ہیں، جس میں وفاق کی طرف سے لگائی گئی خوراکیں اور دیگر معمولی فرق شامل ہیں۔ مذکورہ بالا ریلیز میں دونوں کے اعداد و شمار شامل ہیں۔

###